اللہ کی قسم! مین دن میں ستر سے زائد مرتبہ اللہ سے استغفار اور توبہ کرتا ہوں

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اللہ کی قسم! مین دن میں ستر سے زائد مرتبہ اللہ سے استغفار اور توبہ کرتا ہوں“

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

نبی ﷺ جن کے اگلے پچھلے سب گناہ بخش دیے گئے ہیں، قسم کھا کر بیان کر رہے ہیں کہ آپ ﷺ دن میں ستر سے زائد مرتبہ اللہ سے استغفار اور توبہ کرتے ہیں۔ نبی کے استغفار کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپ نے یہ استغفار ان گناہوں پر کیا ہے جو کہ آپ سے سرزد ہوئے ہیں بلکہ آپ کا استغفار کرنا آپ کی کمالِ بندگی، اللہ سبحانہ وتعالی کے ذکر سے آپ کی وابستگی، اللہ تعالی کے عظیم حق کا احساس اور بندے کا اللہ کی نعمتوں کے مقابلے میں شکر بجالانے سے عاجز ہونے خواہ وہ کتنا بھی عمل کرلے، آپنی امت کو استغفار کرنے کا حکم دینے وغیرہ جیسی حکمتوں پر دلالت کرتا ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4808